## نیو یارک سٹی آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ (OMB)
**کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ (CDBG) بجٹ**

**ڈیمولیشن اینڈ لینڈ مارکس ہسٹورک پریزرویشن گرانٹ پروگرامز – 2026 – برونکس کاؤنٹی**

**فیڈرل فلڈ رسک مینجمنٹ اسٹینڈرڈ (FFRMS) کے سیلابی علاقوں میں مجوزہ سرگرمی کے بارے میں ابتدائی اطلاع اور عوامی جائزہ**

**کی خدمت میں: تمام متعلقہ اداروں، گروہوں اور افراد کے نام:**

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ نیو یارک سٹی (شہر) نے یہ تعین کیا ہے کہ امریکی محکمۂ ہاؤسنگ و شہری ترقی (HUD) کے کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ (CDBG) پروگرام کے تحت درج ذیل مجوزہ اقدامات میں ایسے مقامات شامل ہو سکتے ہیں جو فیڈرل فلڈ رسک مینجمنٹ اسٹینڈرڈ (FFRMS) کے سیلابی علاقوں میں واقع ہیں۔ چونکہ کلائمیٹ اِنفارمڈ سائنس اپروچ (CISA) کا ڈیٹا دستیاب نہیں ہے، اس لیے 0.2 فیصد سالانہ امکانِ سیلاب (500 سالہ سیلاب) طریقۂ کار کو فیڈرل فلڈ رسک مینجمنٹ اسٹینڈرڈ (FFRMS) کے سیلابی علاقوں کے حدود متعین کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس طریقے میں بلندی اور سیلابی خطرے کے علاقے کا تعین فیڈرل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی (FEMA) کے تازہ ترین فلڈ انشورنس ریٹ میپس (FIRMs) یا ابتدائی FIRMs میں درج 0.2 فیصد سالانہ امکانِ سیلاب والے سیلابی علاقوں کی نشاندہی کے مطابق کیا جاتا ہے، اور ان میں سے جو معیار زیادہ سخت ہو، اسے اختیار کیا جاتا ہے۔

شہر، ایگزیکٹو آرڈر 11988 کے تقاضوں اور 24 CFR 55.20 کے تحت HUD کے ضوابط، ذیلی حصہ (Subpart C) "سیلابی علاقوں کے انتظام سے متعلق فیصلے سازی کے طریقۂ کار" کے مطابق، مجوزہ کارروائی کو سیلابی میدان کے اندر انجام دینے کے قابلِ عمل متبادل کی نشاندہی اور جانچ کرے گا، نیز مجوزہ کارروائی کے سیلابی میدان پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لے گا۔ مجوزہ منصوبے برونکس کاؤنٹی کے مختلف مقامات پر واقع ہوں گے، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔

پروگرام کی تفصیل

**انہدائی کارروائی** یہ سرگرمیاں نیو یارک سٹی کے محکمۂ ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (HPD) کے ذریعے انجام دی جائیں گی۔ جب کسی پراپرٹی کا مالک ضروری کارروائی کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو نیو یارک سٹی کے پانچوں بورو میں ایسے ڈھانچوں کو منہدم کرنے یا محفوظ و مستحکم بنانے کی ذمہ داری محکمۂ ہاؤسنگ پرزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (HPD) پر عائد ہوتی ہے، جو ساخت کے لحاظ سے یا آگ کے خطرے کے باعث خطرناک یا غیر محفوظ ہوں، یا انسانی جان اور عوامی صحت کے لیے نقصان دہ یا خطرے کا باعث بن سکتے ہوں۔ محکمۂ ہاؤسنگ پرزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (HPD) ہنگامی اور غیر ہنگامی دونوں نوعیت کی انہدامی سرگرمیاں انجام دیتا ہے، جن میں مکمل اور جزوی مسماری کے ساتھ متعلقہ کام بھی شامل ہوتے ہیں، (مثلاً ایسبیسٹوس کی جانچ اور فضائی نگرانی، کام کے مقام کو محفوظ بنانا، ملبہ ہٹانا، صفائی کرنا، زمین کو بھرنا اور زمین کو ہموار کرنا)۔ کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ (CDBG) کے فنڈز صرف خستہ حال اور ناقابلِ استعمال جائیدادوں کی مسماری (انہدام) کے مقصد کے لیے استعمال کیے جائیں گے، اور ان مقامات کی دوبارہ تعمیر یا ترقی (ری ڈیولپمنٹ) کے لیے استعمال نہیں کیے جائیں گے۔

**لینڈ مارکس ہسٹورک پریزرویشن گرانٹ پروگرام** ایسے تاریخی املاک کی مرمت، تحفظ اور بحالی کے لیے مالی معاونت فراہم کرتا ہے جو انفرادی طور پر نیو یارک سٹی کے تاریخی ورثے کے طور پر نامزد ہوں، نیو یارک سٹی کے نامزد تاریخی اضلاع میں واقع ہوں، یا نیشنل رجسٹر آف ہسٹورک پلیسز میں درج ہوں یا اس میں اندراج کے لیے اہل ہوں۔ اندرونی بحالی گرانٹ کے اہل ہونے کی غرض سے عمارت کے اندرونی حصے کا باقاعدہ طور پر تاریخی ورثہ کے طور پر نامزد ہونا ضروری ہے۔ اہل پراپرٹیز کے لیے ضروری ہے کہ وہ CDBG کے قومی مقاصد کے معیار پر پورا اتریں۔ یہ پروگرام صرف رہائشی جائیدادوں (خواہ مالک خود رہائش پذیر ہو یا کرایہ دار) اور سرکاری یا نجی غیر منافع بخش اداروں کی ملکیت میں موجود جائیدادوں تک محدود ہے۔ اہل بیرونی مرمتی کاموں میں اینٹوں یا پتھروں کی دوبارہ تعمیر اور جوڑوں کی مرمت، عمارت کے بیرونی حصے، کھڑکیوں کے نچلے کناروں، بالائی شہتیروں (لنٹلز) اور چھتوں کی بحالی، رنگ ہٹانا، نیز کھڑکیوں، کارنیسز اور سامنے کے دروازوں کی مرمت یا تبدیلی شامل ہے، تاہم یہ فہرست انہی کاموں تک محدود نہیں۔ زمین میں کھدائی یا مداخلت صرف اُن علاقوں جیسے عمارت کے بیرونی حصے کی معمولی مرمت (مثلاً سیڑھیوں کے چبوترے کی مرمت)،تک محدود ہوگی جہاں پہلے ہی زمین متاثر ہوچکی ہو۔ پروگرام کے تحت ایسی سرگرمیاں اہل نہیں ہیں جن میں بڑے پیمانے پر زمین کی کھدائی یا غیر متاثرہ زمین میں مداخلت شامل ہو۔

چونکہ دونوں پروگراموں کی سرگرمیاں پہلے سے متاثرہ مقامات تک محدود ہیں، لہٰذا اس بات کی توقع نہیں ہے کہ منصوبے کی سرگرمیاں سیلابی میدان کی فطری خصوصیات یا اس کی بنیادی قدروں پر منفی اثرات مرتب کریں گی۔

سی ڈی بی جی (CDBG) فنڈز شہر کو سالانہ بنیادوں پر مختص کیے جاتے ہیں، اور پروگراموں کی نوعیت کے باعث ان مخصوص مقامات کا پہلے سے تعین نہیں کیا جا سکتا جہاں ان پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ اندازہ کے مطابق ہر سال تقریباً 10,000,000 ڈالر کے سی ڈی بی جی فنڈز انہدام پروگرام کے لیے مختص کیے جائیں گے، اور اس پروگرام کے تحت پورے شہر میں سالانہ تقریباً 97 مقامات کو خدمات فراہم کی جائیں گی۔ لینڈ مارکس ہسٹورک پریزرویشن گرانٹ پروگرام کے لیے اندازہ ہے کہ سالانہ تقریباً 114,000 ڈالر کے CDBG فنڈز مختص کیے جائیں گے، اور اس پروگرام کے تحت پورے شہر میں ہر سال تقریباً دس مقامات کو خدمات فراہم کی جائیں گی۔ یہ معلوم نہیں ہے کہ ان میں سے کتنے مقامات سیلابی علاقوں میں واقع ہوں گے یا ہر بورو میں ان کی تعداد کتنی ہوگی۔ برونکس کاؤنٹی میں FFRMS کے سیلابی میدان کے اندر واقع اراضی کا مجموعی تخمینی رقبہ درج ذیل ہے:

| | 100 سالہ سیلابی میدان (زونز A، AE، VE) | 500 سالہ سیلابی میدان (شیڈڈ X یا 0.2 فیصد سالانہ امکانِ سیلاب) |
|---|---|---|
| **مؤثر فلڈ انشورنس ریٹ میپ (2007)** | 534 | 181 |
| **ابتدائی فلڈ انشورنس ریٹ میپ (FIRM) – 2015** | 629 | 73 |

اس نوٹس کے تین بنیادی مقاصد ہیں۔ اول، ایسے افراد جن پر سیلابی علاقوں میں ہونے والی سرگرمیوں کے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں اور جو قدرتی ماحول کے تحفظ میں دلچسپی رکھتے ہیں، انہیں اپنے خدشات کے اظہار اور ان علاقوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا موقع دیا جانا چاہیے۔ تبصرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سیلابی علاقوں سے باہر متبادل مقامات، منصوبے کے مقصد کو پورا کرنے کے متبادل طریقے، اور سیلابی میدان پر منصوبے کے اثرات کو کم سے کم کرنے اور ان کی تلافی کے لیے تجاویز پیش کریں۔ دوم، عوامی اطلاع کا ایک مؤثر اور مناسب نظام عوامی آگاہی اور تعلیم کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔ سیلابی علاقوں سے متعلق معلومات کی فراہمی اور تشہیر ان خصوصی علاقوں میں رہائش اور تبدیلیوں سے وابستہ خطرات کو کم کرنے کے لیے وفاقی کوششوں کو آسان بنانے اور مؤثر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ سوم، انصاف کے تقاضے کے طور پر، جب وفاقی حکومت یہ طے کرتی ہے کہ وہ سیلابی میدانوں میں انجام دی جانے والی سرگرمیوں میں شریک ہوگی، تو اسے ان افراد کو مطلع کرنا ضروری ہے جو اس کے نتیجے میں زیادہ یا مسلسل خطرے سے دوچار ہو سکتے ہیں۔

تمام دلچسپی رکھنے والے افراد، گروہوں اور اداروں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ مجوزہ پروگرام کی ان سرگرمیوں کے لیے وفاقی فنڈز کے استعمال کے بارے میں اپنی تحریری آراء اور تبصرے جمع کرائیں جو ممکنہ طور پر سیلابی میدان میں واقع ہو سکتی ہیں۔ تبصروں کے لیے کم از کم 15 کیلنڈر دنوں کی مدت اشاعت کے اگلے دن سے شروع ہوگی اور اشاعت کے سولہویں دن اختتام پذیر ہوگی۔

تحریری تبصرے 17 جولائی 2026 تک یا اس سے پہلے درج ذیل پتے پر نیو یارک سٹی کو موصول ہو جانے چاہییں: نیو یارک سٹی آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ 255 گرین وچ اسٹریٹ، 8 ویں منزل نیو یارک، NY 10007، توجہ مطلوب ہے: جولیٹ جیکبز، سربراہ ماحولیاتی یونٹ، یا فون کے ذریعہ 1653-788 (212) پر کال کریں۔ منصوبے کی مکمل تفصیل مذکورہ پتے پر صبح 9:30 بجے سے شام 5:30 بجے تک دیکھی جا سکتی ہے، یا ای میل کے ذریعہ طلب کی جا سکتی ہے۔ تبصرے اور منصوبے سے متعلق معلومات کی درخواستیں درج ذیل ای میل پتے پر CDBGComments@omb.nyc.gov ارسال کی جا سکتی ہیں۔

نیو یارک سٹی (City of New York)

زہران کوامے ممدانی، میئر
شریف سلیمان، ڈائریکٹر آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ

تاریخ: جولائی 1، 2026